سوال

زکوٰت کی ادائگی

جواب

قسطوں میں زکوۃ کی ادائیگی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں ایک تنخواہ دار شخص ہوں، اور میری بیوی کے پاس ۱۰ تولہ سونا ہے، کیا میں زکوۃ ماہانہ قسط کی شکل میں ادا کرسکتا ہوں۔ ؟
الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! پہلی بات یہ ہے کہ میاں اور بیوی کی ملکیت الگ الگ ہوتی ہے۔ اگر آپ کی بیوی کے پاس زیور ہے تو اس کی زکوۃ بھی اسی پر واجب اور فرض ہے کہ وہ اپنے سونے میں سے ہی زکوۃ نکالے، اور ہر سال اس سونے کا اڑھائی فیصد بیچ کر اس سے زکوۃ ادا کرے۔ آپ پر بیوی کے زیورات کی زکوۃ نکالنا فرض نہیں ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی